**03-07-2024**

**08.30 Hrs**

**HL**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .......... اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. وزیر اعظم آج راجیہ سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث کا جواب دیں گے۔
2. ہاتھرس میں بھگدڑ کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد 116 ہوگئی ہے۔ اترپردیش سرکار نے اِس واقعے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔
3. بھارتی شمسی مشن آدتیہ L1 نے سورج اور کرۂ ارض کے درمیان L1 پوائنٹ کے اطراف اپنا پہلا Halo مدار مکمل کرلیا ہے۔
4. آرٹیفیشل انٹلی جنس سے متعلق گلوبل انڈیا AI سربراہ کانفرنس آج نئی دلّی میں شروع ہورہی ہے۔
5. چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں 5 ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔
6. اور ومبلڈن ٹینس میں آج روہن بوپنّا اور Sumit Nagal اپنے ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ ڈبلز کے پہلے میچ کھیلیں گے۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**PM - RAJYA SABHA**

وزیر اعظم نریندر مودی آج راجیہ سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث کا جواب دیں گے۔

کل لوک سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی سرکار کیلئے لگاتار تیسری مدت کیلئے عوام کی رائے رفتار اور تسلسل کیلئے ہے۔ جناب مودی نے عہد کیا کہ اُن کی سرکار اگلے پانچ سال میں تین گنا رفتار کے ساتھ کام کرے گی تا کہ بھارت کو ترقی کی نئی بلندی پر لے جایا جاسکے اور 2047 تک وکست بھارت کی امنگ کو پورا کیا جاسکے۔

جناب مودی نے کہا کہ سرکار پیپر لیک کے واقعات کو روکنے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کررہی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ جو لوگ نوجوانوں کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کرتے ہیں ، انہیں بخشا نہیں جائے گا۔

لوک سبھا میں یہ بحث دو دن سے زیادہ جاری رہی ۔ اپوزیشن نے NEET اور دیگر امتحانات میں پیپر لیک ہونے کے الزامات کے معاملے پر سرکار سے جوابدہی کا مطالبہ کیا ۔

بعد میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک منظور کرنے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی غیر معینہ عرصے کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اس طرح لوک سبھا کا اجلاس ایک دن پہلے ہی ختم ہوگیا۔ اسپیکر اوم برلا نے بتایا کہ اجلاس کے دوران ایوانِ زیریں میں 103 فیصد کام کاج ریکارڈ کیا گیا۔x

**REV HATHRAS STAMPEDE**

اترپردیش پولیس کے ضلع ہاترس میں ایک مذہبی اجتماع کے دوران بھگدڑ کے حادثے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 116 ہوگئی۔ یہ بھگدڑ کل سکندرا راؤ تحصیل کے پھول رائے گاؤں میں بھولے بابا کے ست سنگ میں مچی تھی۔ افسران نے بتایا کہ یہ بھگدڑ اُس وقت مچی، جب عقیدت مند اجتماع کے اختتام پر بھولے بابا کے دیدار حاصل کرنا چاہتے تھے۔

ریاست کے چیف سکریٹری منوج کمار سنگھ نے بتایا کہ ابھی تک 72 لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس واقعے کی مکمل تفتیش کا حکم دیا ہے۔ آگرہ زون کے ADG کی سربراہی میں اس معاملے کی تفتیش کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو 24 گھنٹے کے اندر اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

اترپردیش پولیس، کل رات سے مین پوری ضلعے میں، رام کُٹیر خیراتی ٹرسٹ میں بھولے بابا کی تلاش کررہی ہے، جنھوں نے ست سنگ کا انعقاد کیا تھا۔

وزیراعلیٰ نے اپنی رہائش گاہ پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ریاستی سرکار اس واقعے کی تہہ تک پہنچے گی اور سازش رچنے والوں اور اس کے ذمہ دار افراد کو بھرپور سزا دے دی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیراعلیٰ آج ہاترس کا دورہ کریں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے وزیراعلیٰ سے بات کی ہے اور اس افسوسناک واقعے میں مرنے والوں کے کنبوں کو دو-دو لاکھ روپے کی امدادی رقم دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ زخمیوں 50-50 ہزار روپے کی رقم دینے کا اعلان کیا ہے۔

وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ نے بھی مرنے والوں کے کنبوں کو دو-دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے کی امدادی رقم دینے کا اعلان کیا ہے۔x

## CHHATTISGARH - MAOISTS

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ تصادم میں پانچ ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ ضلع کے پولیس سپرنٹنڈنٹ پربھات کمار نے بتایا کہ علاقے میں ماؤ نوازوں کے موجود ہونے کے بارے میں خفیہ اطلاع ملنے پر DRG ، خصوصی ٹاسک فورس ، BSF اور ITBP کی مشترکہ ٹیم کو وہاں بھیجا گیا ۔ ماؤ نوازوں نے مہاراشٹر کی سرحد سے متصل جنگلاتی علاقے میں سکیورٹی اہلکاروں پر چھپ کر حملہ کیا اور اندھا دھند فائرنگ کی۔ سکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں پانچ ماؤ نواز مارے گئے۔ اِدھر ریاست کے Sukma ضلع کے مختلف علاقوں سے 9 ماؤ نوازوں کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔x

## ISRO - ADITYA

بھارتی شمسی مشن آدتیہ L1 نے سورج اور کرۂ ارض کے درمیان L1 پوائنٹ کے اطراف اپنا پہلا Halo مدار مکمل کرلیا ہے۔ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے بتایا ہے کہ کل شمسی مشن کے دوسرے Halo مدار میں منتقلی خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دی گئی۔

آدتیہ L1 مشن کو پچھلے سال دوستمبر کو روانہ کیا گیا تھا اور اس سال 6 جنوری کو اُسے مقررہ Halo مدار میں پہنچایا گیا ۔ ISRO کے مطابق Halo مدار میں خلائی راکٹ آدتیہ L1 متعلقہ L1 پوائنٹ کے اطراف 178 دن میں ایک چکر مکمل کرتا ہے ۔ x

## GLOBAL INDIA AI SUMMIT

آج نئی دلّی میں، مصنوعی ذہانت AI سے متعلق، بھارت کی عالمی سربراہ کانفرنس 2024 کا آغاز ہوگا۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

اس دو روزہ سربراہ کانفرنس میں AI کے استعمال، حکمرانی اور صلاحیت، نیز AI اختراعات کو فروغ دینے کے اہم

پہلوؤں پر گہرائی سے غور وخوض کیلئے مختلف اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔ بھارت نے اخلاقی معیارات اور سب کی شمولیت کی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے، AI کو ذمہ داری کے ساتھ فروغ دے کر، اس کی، یکسر تبدیلی لانے والی اہلیت کو بڑھاوا دینے کے اپنے عزم کو دہرایا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V-C Anupam**

*یہ سربراہ کانفرنس، بھارت کیلئے ایک اہم لمحہ ہے، کیونکہ یہ مصنوعی ذہانت AI کے، عالمی سطح پر، ذمہ دارانہ فروغ کے تئیں بھارت کے عزم کی اہمیت کا اُجاگر کرتی ہے۔ اس سربراہ کانفرنس سے عالمی سطح پر فریقوں کو، AI سے متعلق اشتراک، اختراع اور اِس کے مستقبل کو ایک شکل دینے کیلئے، ایک بنیادی پلیٹ فارم فراہم ہوگا۔ کانفرنس کا مقصد AI کی وجہ سے پیدا کثیر جہتی چیلینجوں اور موقعوں سے فائدہ اٹھانے میں نئے مرحلے مقرر کرنا ہے۔ سربراہ کانفرنس کے پہلے دن مختلف موضوعات پر اجلاس منعقد کئے جائیں گے، جن میں AI کے استعمال اور حکمرانی کے اہم پہلوؤں پر گہرائی سے غور وخوض کیا جائے گا۔ کانفرنس کا دوسرا دن، AI اختراعات سے متعلق صلاحیت اور اس کے فروغ کیلئے وقف رہے گا۔*

*اِس کانفرنس سے سائنس، صنعت، سماج، حکومتوں، بین الاقوامی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کے، AI کے بین الاقوامی سرکردہ ماہرین کو، ایک پلیٹ فارم فراہم ہوگا کہ وہ AI کے بنیادی معاملات اور چیلینجوں کے بارے میں اپنے عمیق خیالات کا اظہار کریں۔*

## COAL RECORD

جون 2024 کیلئے، بھارت میں کوئلے کی پیداوار 8 کروڑ 46 لاکھ 30 ہزار ٹن تک پہنچ گئی۔ یہ شرحِ نمو، پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے تقریباً 15 فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے سال کی یہ پیداوار سات کروڑ 39 لاکھ 20 ہزار ٹن تھی۔

کوئلے کی وزارت نے بتایا کہ جون 2024 میں کول انڈیا لمیٹیڈ CIL نے، عارضی طور پر بتائی گئی مقدار کے مطابق چھ کروڑ 31 لاکھ ٹن کوئلہ کی پیداوار کی، جو پچھلے سال کی اِسی مدت کے دوران پانچ کروڑ اُناسی لاکھ 60 ہزار ٹن مقدار کے مقابلے 8 اعشاریہ آٹھ سات فیصد زیادہ ہے۔

وزارت نے مزید بتایا کہ جون 2024 میں جو کوئلہ، روانہ کیا گیا، اُس کی مقدار 8 کروڑ 57 لاکھ 60 ہزار ٹن رہی۔ یہ مقدار عارضی طور پر بتائی گئی ہے جو پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے دس اعشاریہ ایک پانچ فیصد زیادہ ہے۔

پچھلے سال کی یہ مقدار سات کروڑ 78 لاکھ 60 ہزار ٹن تھی۔ جون 2024 کے دوران CIL نے، عارضی طور پر بتائی گئی مقدار کے مطابق چھ کروڑ 41 لاکھ ٹن کوئلہ روانہ کیا تھا۔ X

## NSP - SCHOLARSHIP

قومی اسکالرشپ پورٹل پر تعلیمی سال 2024-25 کیلئے، قومی ذرائع و میرٹ اسکالرشپ اسکیم NMMSS کا رجسٹریشن شروع ہوگیا ہے۔

تعلیم کی وزارت نے بتایا کہ پورٹل، ایک بار کے رجسٹریشن اور تازہ درخواستوں، نیز اسکالرشپس کی تجدید کیلئے کھلا ہے۔ درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ اس سال 31 اگست ہے۔ ایک بار کا رجسٹریشن، 14 ہندسوں کے ایک منفرد نمبر سے ہوتا ہے، جو آدھار کی بنیاد پر جاری کیا جاتا ہے اور یہ اسکالرشپ کی درخواست دینے کیلئے لازمی ہے۔

وزارت نے کہا کہ جن طلباء کو ایک بار کا رجسٹریشن نمبر موصول ہوگیا ہے، وہ قومی اسکالرشپ پورٹل پر، اسکالر شپ کیلئے براہ راست درخواست دے سکتے ہیں۔×

## NATIONAL TEACHERS AWARDS

تعلیم کی وزارت نے اساتذہ کے، 2024 کے قومی ایوارڈس کیلئے، اہل اساتذہ کی طرف سے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ آن لائن نامزدگیاں موصول کرنے کی آخری تاریخ اس ماہ کی 15 ہے۔

وزارت نے بتایا کہ کُل 50 اساتذہ کو اِس سال ضلع، ریاست اور ملک کی سطح پر، تین مرحلوں کے انتخابی عمل کے ذریعہ چنا جائے گا۔ یہ ایوارڈس نئی دلّی میں پانچ ستمبر، یوم اساتذہ کے موقع پر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں دیئے جائیں گے۔

اہل اساتذہ اپنی نامزدگیاں وزارت کے پورٹل nationalawardstoteachers.education.gov.in پر بھیجی جاسکتی ہیں۔×

## MP - BUDGET

مدھیہ پردیش میں BJP سرکار آج ریاستی بجٹ پیش کرے گی۔ ڈاکٹر موہن یادو کی زیرِ قیادت سرکار کا یہ

پہلا مکمل بجٹ ہوگا۔ اِس سے پہلے فروری میں اخراجات کا بل پیش کیا گیا تھا۔ ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ جگدیش Devda بجٹ پیش کریں گے۔

بجٹ سے پہلے کے صلاح مشورے کے دوران جناب Devda نے یہ کہا تھا کہ مدھیہ پردیش کی معیشت تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ بجٹ کو حتمی شکل دینے سے قبل سرکار کو عوام کی طرف سے چار ہزار سے زیادہ تجویزیں موصول ہوئی ہیں۔ x

## JAISHANKAR - SCO

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر قزاخستان میں آستانہ پہنچ گئے ہیں۔ وہ شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں وزیر اعظم نریندر مودی کی نمائندگی کریں گے۔ قزاخستان کے نائب وزیر خارجہ نے ڈاکٹر جے شنکر کا وہاں پہنچنے پر خیرمقدم کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کل وہاں کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے ساتھ مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔x

## AMARNATH YATRA - SRINAGAR

جموں و کشمیر میں شری امرناتھ جی کی پوتر گپھا کیلئے سالانہ یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ 52 دن کی امرناتھ یاترا اگلے مہینے کی 19 تاریخ کو شَروَن پورنیا کے موقع پر ختم ہوجائے گی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ حکام نے اِس سال کی شری امرناتھ جی یاترا کے محفوظ طریقے سے انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے وسیع سکیورٹی انتظامات کئے ہیں ۔

## IMD MONSOON

جنوب مغربی مانسون راجستھان ، ہریانہ اور پنجاب کے بقیہ حصوں میں پہنچ گیا ہے۔ اس طرح مانسون معمول کی تاریخ سے چھ دن پہلے ہی پورے ملک میں آ گیا ہے۔ ہماچل پردیش، دلّی ، اترپردیش ، راجستھان ، چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش میں آج تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## ASSAM FLOOD

آسام میں سیلاب کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ 28 ضلعوں میں گیارہ لاکھ سے زیادہ لوگوں پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ پچھلے 24 گھنٹے کے دوران Tinsukia اور دھیماجی میں تین افراد کی موت ہوئی ہے۔ اس طرح وہاں

اب تک 38 اموات ہوچکی ہیں ۔
ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کل قاضی رنگا نیشنل پارک میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔
وہاں تقریباً 95 جنگلاتی جانچ چوکیاں زیرِ آب آگئی ہیں ۔
ریاست میں برہمپتر ، بارَک اور معاون ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں ۔ x

## RUSSIA - NEW ORBITAL STATION

روس نے سال 2033 تک، اپنے ایک مداراتی اسٹیشن کی تخلیق کیلئے تاریخوں کی منظوری دے دی ہے۔ روس کے سرکاری خلائی کارپوریشن Roscosmos نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِن تاریخوں میں، خلائی ماڈیولز کا ڈیزائن اور تعمیر، جدید ترین طرز کے، انسان بردار ایک خلائی طیارے کی پرواز کے تجربات، سیارچوں کو خلاء میں لے جانے والے راکٹوں کی تخلیق اور زمین پر، خلاء سے متعلق بنیادی ڈھانچہ نیز اس پروجیکٹ کو مدد دینے والے سائنسی اداروں کے کام کاج کا نظام الاوقات بھی شامل ہے۔

سب سے پہلے سائنسی اور توانائی کا ماڈیول 2027 میں شروع کیا جائے گا اور تین دیگر اہم ماڈیولز کا آغاز 2030 میں کیا جائے گا۔x

## WIMBLEDON

ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Matthew Ebden لندن میں آج شام ومبلڈن اوپن ٹینس میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں اُن کا مقابلہ فرانس کی جوڑی سے ہوگا۔

ایک اور بھارتی کھلاڑی Sumit Nagal بھی آج شام مردوں کے ڈبلز میں سربیا کے اپنے ساتھی کھلاڑی Dusan Lajovic کے ساتھ مل کر پہلے راؤنڈ میں اسپین کی جوڑی کا سامنا کریں گے۔

اِدھر مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں دوسرے نمبر کے کھلاڑی نوواک جوکووِچ نے چیک جمہوریہ کے Vit Kopriva کو چھ-تین ، چھ-دو اور چھ-دو سے ہرا دیا۔ جوکووِچ گھٹنے میں چوٹ کی وجہ سے فرینچ اوپن میں نہیں کھیل سکے تھے۔ x

## EURO CUP

فٹبال میں کل رات جرمنی میں UEFA یوروپی فٹبال چیمپئن شپ میں ترکیہ ، آسٹریا کو ایک کے مقابلے دو

گول سے ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اب اتوار کو کوارٹر فائنل میں ترکیہ کا مقابلہ نیدرلینڈس سے ہوگا۔
اِس سے پہلے نیدر لینڈس رومانیہ کو تین-صفر سے کراری شکست دے کر 16 سال میں پہلی بار کوارٹر فائنل میں پہنچا ہے۔ x

## PRESS COMMENT

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور راشٹریہ سہارا نے لوک سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث کا جواب دیتے ہوئے ، وزیر اعظم کے اس بیان کو خصوصیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ عوام نے ہماری پالیسی ، نیت اور وفاداری پر بھروسہ کرتے ہوئے تیسرا موقع دیا ہے۔

وزیر خارجہ ایس جے شنکر ، SCO سربراہ اجلاس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے ۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اخبار کی پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔ SCO کونسل کے سربراہان مملکت کا 24واں اجلاس قزاقستان کے شہر آستانہ میں 4 جولائی سے منعقد ہوگا۔

ہاتھرس کے سَت سَنگ پروگرام میں بھگدڑ میں 100 سے زائد ہلاکتیں ہونے کی خبر کو بھی روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

لوک سبھا کی کارروائی غیر معینہ عرصے کیلئے ملتوی ہونے کی خبر بھی اخباروں میں نمایاں ہے۔

امریکی وزیر خارجہ کے نائب ترجمان کا یہ بیان بھی روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے کہ ہم بھارت کے ساتھ اقتصادی اور سکیورٹی تعاون کو مضبوط کررہے ہیں۔ وجے مالیا کے خلاف غیر ضمانتی وارنٹ جاری۔ 180 کروڑ روپے قرض کی ادائیگی نہ کئے جانے پر کارروائی کی گئی۔ یہ خبر بھی اسی اخبار کی ایک دیگر سرخی ہے۔ تین نئے ارکان نے راجیہ سبھا کی رکنیت کا حلف لیا۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ ، ملاپ اور دیگر اخباروں نے پیش کیا ہے ۔ x

☆☆☆☆☆